بروز منگل مورخہ 07 / مارچ 2017ء بوقت شام (4 :00) بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی۔

ترتیب کارروائی۔

1۔ تلاوت قرآن پاک و ترجمہ۔

2۔ **وقفہ سوالات**

علیحدہ فہرست میں مندرج محکمہ صحت سے متعلق سوالات دریافت اور اُن کے جوابات دیئے جائیں گے۔

3۔ **سرکاری کارروائی برائے قانون سازی۔**

i)۔ **بلوچستان موٹر وہیکل کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 01 مصدرہ 2017) کا ایوان میں پیش کیا جانا۔**

II). وزیر مال و ٹرانسپورٹ، بلوچستان موٹر وہیکل کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2017 (مسودہ قانون نمبر 01 مصدرہ 2017) پیش کریں گے۔

4)۔ **مشترکہ قرارداد نمبر 83 منجانب حاجی محمد خان لہڑی صاحب، مشیر وزیر اعلیٰ، محترمہ یاسمین لہڑی صاحبہ اور محترمہ راحت بی بی صاحبہ اراکین صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ بلوچستان کا گرین بیلٹ نصیر آباد ڈویژن جو کہ زرعی اعتبار سے ملک اور خصوصاً صوبہ میں ایک الگ پہچان اور اہمیت رکھتا ہے۔ اس علاقے میں زرعی شعبے سے وابستہ زمیندار چاول اور گندم سمیت دیگر اجناس کاشت کرتے ہیں اور ملکی معیشت کو مظبوط بنانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کر رہے ہیں۔ چونکہ نصیر آباد ڈیژن کے نہری نظام سے منسلک علاقے کی زرعی زمینیں جن کو پٹ فیڈر، کیرتھر کنال سمیت دیگر چھوٹی نہروں کے ذریعے سے سکھر بیراج اور گڈو بیراج سے پانی فراہم کیا جارہا ہے۔ اور اس سلسلے میں سندھ بلوچستان کے مابین آبی تقسیم کا ایک معاہدہ بھی ہوا تھا۔ جس کے تحت سندھ نے بلوچستان کو ربیع سیزن کے لیئے ہر صورت 2500 کیوسک پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ لیکن اس حقیقت کے باوجود سندھ کی جانب سے ارسا ریکارڈ 1991ء کی مسلسل خلاف ورزی کرتے ہوئے بلوچستان کو اس کے حصے کا پانی نہیں دیا جارہا ہے جس کی وجہ سے تقریباً 2 لاکھ ایکڑ اراضی پر زیر کاشت گندم کی فصل ختم اور زمینداروں کو اربوں روپے کے نقصان ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔ جس سے نصیر آباد ڈویژن کے زمینداروں میں سخت تشویش و مایوسی پائی جارہی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ حکومت سندھ سے رجوع کرے کہ وہ معاہدے کے مطابق بلوچستان کو اس کے حصے کا پانی کی فراہمی کو یقینی بنائے تاکہ زمینداروں میں پائی جانے والی تشویش و احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

5۔ **ایوان کی کارروائی۔**

مجلس قائمہ کی اتفاقیہ خالی آسامیوں کو پُر کرنے سے متعلق تحاریک۔

I)۔ وزیر قانون و پارلیمانی امور تحریک پیش کریں گے کہ بلوچستان صوبائی اسمبلی کے قواعد انضباط کار مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر 134 کے تحت حاجی عبدالمالک کاکڑ رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی کو مجلس قائمہ برائے اطلاعات، کھیل، ثقافت۔ سیاحت، آثار قدیمہ، عجائب گھر اور لائبریریز محکمہ جات کا رکن منتخب کیا جائے۔

II)۔ وزیر قانون و پارلیمانی امور تحریک پیش کریں گے کہ بلوچستان صوبائی اسمبلی کے قواعد انضباط کار مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر 134 کے تحت محترمہ انیتا عرفان، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی کو رکن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اور مجلس قائمہ برائے تعلیم، معیاری تعلیم، صدارتی پروگرام، سی ڈی ڈبلیو اے، سائنس انفارمیشن ٹیکنالوجی، محکمہ جات کا رکن منتخب کیا جائے۔

6۔ **قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے باب نمبر VII کے بعد نیا باب VII-A کا اضافہ۔ (توجہ دلاؤ نوٹس) کی بابت مجلس کی رپورٹ کا پیش کیا جانا۔**

I) چیئرمین مجلس قواعد انضباط کار و استحقاقات بلوچستان صوبائی اسمبلی تحریک پیش کریں گے کہ قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے باب نمبر VII کے بعد نیا باب VII-A کا اضافہ۔ (توجہ دلاؤ نوٹس) کی بابت مجلس کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں آج مورخہ 7 مارچ 2017 تک توسیع کی منظوری دی جائے۔

II)۔ چیئرمین مجلس قواعد انضباط کار و استحقاقات بلوچستان صوبائی اسمبلی تحریک پیش کریں گے کہ قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے باب نمبر VII کے بعد نیا باب VII-A کا اضافہ۔ (توجہ دلاؤ نوٹس) کی بابت مجلس کی رپورٹ پیش کریں گے۔

III)۔ چیئرمین مجلس قواعد انضباط کار و استحقاقات بلوچستان صوبائی اسمبلی تحریک پیش کریں گے کہ قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے باب نمبر VII کے بعد نیا باب VII-A کا اضافہ۔ (توجہ دلاؤ نوٹس) کی بابت مجلس کی سفارشات کی بموجب فی الفور زیر غور لایا جائے۔

IV)۔ چیئرمین مجلس قواعد انضباط کار و استحقاقات بلوچستان صوبائی اسمبلی تحریک پیش کریں گے کہ قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے باب نمبر VII کے بعد نیا باب VII-A کا اضافہ۔ (توجہ دلاؤ نوٹس) کی بابت مجلس کی سفارشات کی بموجب منظور کیا جائے۔

7)۔ **قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی 1974 کے قاعدہ 135 کے ذیلی قاعدہ 3 کے بعد نئے ذیلی قاعدے 4 اور 5 (ذیلی مجالس) میں اضافہ کا پیش کیا جانا۔**

I)۔ چیئرمین مجلس قواعد انضباط کار و استحقاقات بلوچستان صوبائی اسمبلی تحریک پیش کریں گے کہ قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے قاعدہ 135 کے ذیلی قاعدہ 3 کے بعد نئے ذیلی قاعدے 4 اور 5 (ذیلی مجالس) میں اضافہ کی بابت مجلس کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں آج مورخہ 7 مارچ 2017 تک توسیع کی منظوری دی جائے۔

II)۔ چیئرمین مجلس قواعد انضباط کار و استحقاقات بلوچستان صوبائی اسمبلی تحریک پیش کریں گے کہ قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے قاعدہ 135 کے ذیلی قاعدہ 3 کے بعد نئے ذیلی قاعدے 4 اور 5 (ذیلی مجالس) میں اضافہ کی بابت مجلس کی رپورٹ پیش کریں گے۔

III)۔ چیئرمین مجلس قواعد انضباط کار و استحقاقات بلوچستان صوبائی اسمبلی تحریک پیش کریں گے کہ قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے قاعدہ 135 کے ذیلی قاعدہ 3 کے بعد نئے ذیلی قاعدے 4 اور 5 (ذیلی مجالس) میں اضافہ کی بابت مجلس کی سفارشات کی بموجب فی الفور زیر غور لایا جائے۔

IV)۔ چیئرمین مجلس قواعد انضباط کار و استحقاقات بلوچستان صوبائی اسمبلی تحریک پیش کریں گے کہ قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی، 1974ء کے قاعدہ 135 کے ذیلی قاعدہ 3 کے بعد نئے ذیلی قاعدے 4 اور 5 (ذیلی مجالس) میں اضافہ کی کی بابت مجلس کی سفارشات کی بموجب منظور کیا جائے۔

6۔ **قومی مالیاتی کمیشن کی رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا۔**

i)۔ وزیر خزانہ قومی مالیاتی کمیشن کی دوسری ششماہی سالانہ مانیٹرنگ رپورٹ پر عمل درآمد جنوری تا جون 2016 ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

کوئٹہ۔
مورخہ 07 مارچ 2017ء

سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی